| This is what I want. | میں یہی چاہتا ہوں | هَذَا مَاأُرِيْدُهُ فِعْلاً |
| They missed the train | ان کی ٹرین چھوٹ گئی ہے۔ | لَقَدْ فَاتَهُمُ الْقِطَارُ |
| I thank you | میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں | أَشْكُرُكَ |

| | | |
|---|---|---|
| Please | براہ کرم | مِنْ فَضْلِكَ |
| I apologize | معذرت چاہتا ہوں | أَعْتَذِرُ إِلَيْكَ |
| Good/ Okay | ٹھیک ہے | طَيِّبٌ |
| Well/ All right | بہتر ہے | حَسَناً |
| You are welcome | خوش آمدید | أَهْلًا بِكَ |
| I am sorry | مجھے افسوس ہے | آسِفٌ |
| Perhaps | شاید | رُبَّمَا |
| I beg your pardon | معافی چاہتا ہوں | أَسْتَمِيحُكَ عُذْراً |
| I hope so | مجھے اس کی امید ہے | آمَلُ ذٰلِكَ |
| Of course/ No doubt | بیشک | بِالطَّبْعِ |
| Definitely | یقیناً | بِالتَّأْكِيدِ |
| Immediately | ابھی اسی وقت | حَالاً |
| As usual | حسب معمول | كَالْمُعْتَادِ |
| Generally | عموماً | عَلَى الْعُمُوْمِ |
| At least | کم از کم | عَلَى الْأَقَلِّ |
| Absolutely not, not at all | بالکل نہیں | إِطْلَاقاً |
| For some time | کچھ عرصے کے لیے | لِفَتْرَةٍ مَا |
| Any way , in any case | بہر حال۔ بہر طور | فِي أَيِّ حَالٍ |
| Just a minute | بس ایک منٹ | دَقِيقَةٌ وَاحِدَةٌ |

| | | |
|---|---|---|
| A little (rarely) | تھوڑا سا | قَلِيْلاً |
| If necessary | اگر ضروری ہوا | إِذَا كَانَ ضَرُوْرِيًّا |
| Not so fast | اتنی جلدی نہیں | لَيْسَ بِهٰذِهِ السُّرْعَةِ |
| Not since a long time | زیادہ عرصہ نہیں ہوا | لَيْسَ مِنْ زَمَنٍ بَعِيْدٍ |
| Side by side | پہلو بہ پہلو | جَنْباً إِلَى جَنْبٍ |
| More and more | زیادہ سے زیادہ | أَكْثَرَ فَأَكْثَرَ |
| No one else | اور کوئی نہیں | مَا مِنْ أَحَدٍ آخَرَ |
| This and that | یہ اور وہ | هٰذَا وَ ذَاكَ |
| Very bad (Extremely bad) | بہت ہی برا | سَيِّءٌ لِلْغَايَةِ |
| At last (finally) | آخر کار | أَخِيْراً |
| On his way | اپنے راستے میں | فِي طَرِيقِهِ |
| On his way from | واپسی میں | فِي طَرِيْقِ الْعَوْدَةِ |
| For each other | ایک دوسرے کے لیے | لِبَعْضِهِمُ الْبَعْضِ |
| Per person | فی کس | لِلشَّخْصِ الْوَاحِدِ |
| To let | کرائے کے لیے | لِلْإِيْجَارِ |
| For sale | برائے فروخت | لِلْبَيْعِ |
| No problem | کوئی پریشانی کی بات نہیں | لَا مُشْكِلَةَ |
| In fashion | مروّجہ اسٹائل | الطِّرَازُ السَّائِدُ |

| English | Urdu | Arabic |
|---|---|---|
| How surprising is this? | کتنا تعجب خیز ہے! | كَمْ هَذَا مُدْهِشٌ! |
| Take notice | خبردار رہو | إِنْتَبِهْ |
| Beware | محتاط رہو | إِحْذَرْ |
| Don't forget | مت بھولو | لَاتَنْسَى |
| Do good | اچھا کام کرو | إِعْمَلْ مَعْرُوفًا |
| Sit down, please | تشریف رکھیے | تَفَضَّلْ بِالْجُلُوسِ |
| Help me | میری مدد کیجیے | سَاعِدْنِي |
| Wait for me | میرا انتظار کیجیے | إِنْتَظِرْنِيْ |
| Hurry up | جلدی کیجیے | أَسْرِعْ |
| Follow me | میرے پیچھے آیئے | إِتْبَعْنِي |
| Guide me | میرے آگے چلئے (راستہ بتایئے) | تَقَدَّمْنِي |
| Come in | اندر آجاؤ | أُدْخُلْ |
| Go ! / proceed ! | چلے جاؤ | إِرْحَلْ |
| Give me | مجھے دو | أَعْطِنِي |
| Talk to me | مجھ سے بات کرو | حَدِّثْنِي |
| Show me | مجھے دکھاؤ | أَرِنِي |
| This will be fine | اچھا رہے گا | سَيَكُونُ ذَلِكَ لَطِيفًا |

# أَسْئِلَةٌ مُفِيْدَةٌ
# Useful questions
## کام آنے والے سوالات

| English | Urdu | Arabic |
|---|---|---|
| What | کیا | مَاذَا |
| When | کب | مَتَى |
| Where | کہاں | أَيْنَ |
| Who | کون | مَنْ |
| Why | کیوں | لِمَاذَا |
| Which | کون سا | أَيٌّ |
| How | کیسے | كَيْفَ |
| How much (How many) | کتنا | كَمْ |
| What is this? | یہ کیا ہے؟ | مَاهٰذَا؟ |

مَا ذَلِكَ؟
What is that?
وہ کیا ہے؟

مَاذَا يَحْدُثُ؟
What 's happening?
کیا ہورہا ہے؟

مَا الأَمْرُ؟
What ' s the matter?
کیا بات ہے؟

مَاذَا يَعْنِي هَذَا؟
What does it mean?
اس کا مطلب کیا ہے؟

مَاذَا تُرِيْدُ؟
what do you want?
تم کیا چاہتے ہو؟

مَاذَا أَفْعَلُ مِنْ أَجْلِكَ؟
What can i do for you?
میں آپ کے لیے کیا کروں؟

مَا الَّذِي سَتَفْعَلُهُ الْيَوْمَ؟
What will you do today?
آج آپ کیا کرنے والے ہیں؟

مَاذَا أَفْعَلُ الآنَ؟
What do I do now?
اب میں کیا کروں؟

مَاذَا تَفْعَلُ بِهِ؟
What do you do with it?
آپ اس سے کیا کرتے ہیں؟

أَيْنَ مَكْتَبُكَ؟
Where' s your office?
آپ کا دفتر کہاں ہے؟

أَيْنَ تُقِيْمُ؟
Where are you staying?
آپ کہاں مقیم ہیں؟

مِنْ أَيْنَ أَنْتَ؟
From where are you?
آپ کہاں کے ہیں؟

مَنْ هِيَ تِلْكَ الْمَرْأَةُ؟
Who is that woman?
وہ عورت کون ہے؟

لِمَ لاَ.
Why not?
کیوں نہیں

هَلْ تفْهَمُنِي؟
Do you understand me?
کیا آپ میری بات سمجھتے ہیں؟

هَلْ تَسْتَطِيعُ مُسَاعَدَتِي.
Can you help me?
کیا آپ میری مدد کر سکتے ہیں؟

هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تَتَحَدَّثَ بِبُطْءٍ أَكْثَرَ؟
Can you speak more slowly?
کیا آپ مزید آہستہ بول سکتے ہیں؟

## تَعَابِيرُ مَالُوفَةٌ
## Familiar Expressions
## روزمرہ استعمال میں آنے والی تعبیرات

لاَ مِرْيَةَ فِي ذٰلِكَ
No doubt about it.
اس میں کوئی شک نہیں۔

لاَ حِيْلَةَ لِيْ فِيْ ذٰلِكَ.
I can't do anything about it.
میں اس میں کچھ نہیں کر سکتا۔

هَذَا أمْرٌ مُسَلَّمٌ بِهِ.
It 's an indisputable matter.
یہ بات طے شدہ ہے

سِيَّانَ عِنْدِی.

It is all the same for me.
میرے لیے برابر ہے

إِنَّهُ يَخَافُ مِنْ خَيَالِهِ.

He is afraid of his own shadow.
وہ اپنے سائے سے ڈرتا ہے۔

اَلْأَمْرُ سَوَاءٌ بِالنِّسْبَةِ إِلَيَّ.

It is all the same for me.
میرے لیے بات برابر ہے۔

آنَ الْأَوانُ لِتَسْوِيَةِ مَـا بَيْـنَنَـا مِنْ حِسَابٍ.

It is time to settle our accounts.
اب وقت آ گیا ہے کہ ہم اپنا حساب بیباق کر لیں۔

لَقَدْ قُدَّ قَلْبُهُ مِنْ حَجَرٍ.

He has a heart of adament.
اس کا دل پتھر کا بنا ہے۔

لَا أَسْتَطِيْعُ أَنْ أَتَحَمَّلَ ذٰلِكَ.

I can' t tolerate this.
میں اس کو برداشت نہیں کر سکتا۔

فَعَلَ ذٰلِكَ مِرَارًا.

He did it again and again.
اس نے ایسا بار بار کیا

لَقَدْ خَابَ ظَنِّي فِيْكَ.

I was wrong about you.
میں نے آپ کو غلط سمجھا۔

مَازَالَ الْمَوْضُوعُ مُعَلَّقاً.

The matter is still pending.
معاملہ اب تک معرض التوا میں ہے۔

سَيُؤَدِّیْ ذٰلِكَ إِلَـى مَتَـاعِـبَ كَثِيْرَةٍ.

It will cause a lot of trouble
اس میں تو بہت پریشانی ہوگی

لَا تَقِفُ مَكْتُوفَ الْيَدَيْنِ.

Do something instead of looking about.

ہاتھ پر ہاتھ دھرے مت بیٹھے رہو۔

لَا أَدْرِیْ مَا سَیَحْدُثُ

I dont 't know what will happen.

معلوم نہیں کیا ہوگا۔

كَانَ مُسْتَغْرَقًا فِی الْحَدِیْثِ.

He was busy in conversation

وہ محو گفتگو تھا۔

لَیْسَتْ عِنْدِیْ نُقُوْدٌ.

I have no money.

میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔

لَا تَتَكَلَّمْ عَنِّیْ.

Don't talk about me.

میرے بارے میں بات مت کرو۔

لِیْ وِجْهَةُ نَظَرٍ أُخْرَى.

I have another point of view.

میرا کچھ اور نقطہ نظر ہے۔

لَیْسَ لِهٰذَا أَیُّ مَعْنًى.

It does not make any sense.

اس کا کوئی مطلب نہیں۔

هٰذَا یَفِیْ بِالْغَرَضِ.

It serves the purpose.

اس سے مقصد پورا ہوتا ہے۔

أَیُّ خِدْمَةٍ.

Any service for me?

میرے لائق کوئی خدمت؟

مَا الْخَطْبُ؟

What 's the matter?

کیا بات ہے؟

لَا تَتَسَرَّعْ أَبَداً.

Don 't do anything in a hurry.

کبھی بھی جلد بازی مت کرو۔

هَذَا لَا يَعْنِيكَ فِي شَيْءٍ.

It has nothing to do with you.

اس سے تمہارا کوئی تعلق نہیں۔

لَا تَحْكُمْ بِظَوَاهِرِ الْأُمُورِ.

Don't judge the things by their appearance.

ظاہری امور کی بنیاد پر فیصلہ مت کرو۔

إِنَّهَا قُرَّةُ عَيْنِي

She is the apple of my eye.

وہ میری آنکھ کا تارا ہے۔

مَهْمَا كَانَتِ الْأَحْوَالُ

Whatever the case may be.

کچھ بھی ہو۔

فِي جَمِيعِ أَنْحَاءِ الْعَالَمِ

In all parts of the world.

دنیا کے کونے کونے میں۔

اَلْمَوْضُوعُ لَا يَعْنِيكَ

The matter doesn' t concern you.

بات آپ سے متعلق نہیں۔

لَيْسَ هَذَا مِنْ شُغْلِي

This is not my business.

یہ کام میرا نہیں ہے۔

هَذَا يَكْفِينِي.

This is enough for me.

یہ میرے لیے کافی ہے۔

هَذَا هُوَ مَوْضُوعُ الْبَحْثِ

This is what is under consideration

یہی موضوع بحث ہے۔

شُكْرًا لَكَ سَلَفًا.

Thank you in anticipation

آپ کا پیشگی شکریہ۔

لَمْ يُعِرْهُ اِهْتِمَامًا.

He paid no attention to him.

اس نے اس کو کوئی اہمیت نہیں دی

كُنْ لَطِيفًا بِقَدْرِ مَا تَسْتَطِيعُ.

Be nice as much as you can.

جتنا ہو سکے نرم خو بنو

إِلَيْكَ عَنِّي

Get away form me.

مجھ سے دور رہو۔

لَا يُمْكِنُنِي أَنْ أَحْتَمِلَ ذَلِكَ

I can't tolerate that.

میں اس کو برداشت نہیں کر سکتا۔

أَعْتَرِفُ بِأَنِّي كُنْتُ مُخْطِئًا

I admit that I was wrong.

مجھے اعتراف ہے کہ میں غلطی پر تھا۔

مَاذَا تَعْنِي

What do you mean?

آپ کا کیا مطلب ہے؟

مَاذَا يَقْصِدُوْنَ مِنْ ذَلِكَ.

What do they mean by that?

اس سے ان کی کیا مراد ہے؟

كُلُّ شَيْءٍ عَلَى مَا يُرَامُ.

Everything is all tight

سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہے۔

هَلْ تَفْهَمُ مَا أُرِيْدُ؟

Do you understand what I want?

کیا آپ سمجھ رہے ہیں کہ میں کیا چاہتا ہوں؟

لَا قَدَّرَ اللّٰهُ.
God forbid.
خدانخواستہ

هَذَا قَضَاءُ اللّٰهِ وَ قَدَرُهُ.
It is an act of God.
یہ فیصلہ خداوندی ہے

ضَعْ ذَلِكَ فِي الْحُسْبَانِ.
Keep it in your mind.
اس بات کو ذہن میں رکھیے

إِنِّي أُوَافِقُ عَلَى اقْتِرَاحِكَ.
I agree to your proposal.
میں آپ کی رائے سے متفق ہوں

بَارِدٌ كَالثَّلْجِ.
As cold as ice.
برف کی طرح ٹھنڈا

سَرِيْعٌ كَالْبَرْقِ.
As quick as lightning
بجلی کی طرح تیز

وَاضِحٌ كَفَلَقِ الصُّبْحِ.
As clear as daylight.
صبح روشن کی طرح واضح

أَسْوَدُ كَالْفَحْمِ.
As black as coal.
کوئلے کی طرح کالا

أَبْيَضُ كَالثَّلْجِ.
As white as snow
برف کی طرح سفید

أَرْخَصُ مِنَ التُّرَابِ.
Cheaper than clay.
مٹی سے سستا

أَصْفَرُ كَالزَّعْفَرَانِ.
As yellow as saffron
زعفران کی طرح زرد

# مَعَ طَبِيبٍ
# With a doctor
# ڈاکٹر کے پاس

كَيْفَ صِحَّتُكَ؟
How is your health?
آپ کی طبیعت کیسی ہے؟

صِحَّتِي لَيْسَتْ جَيِّدَةً.
My health is not good.
میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

مَاذَا أَصَابَكَ.
What is wrong with you?
آپ کو کیا ہوا؟/آپ کو کیا شکایت ہے؟

أَصَابَنِي بَرْدٌ.
I have a cold
مجھے سردی لگ گئی ہے۔

أَصَابَنِي سُعَالٌ.
I have a cough.
مجھے کھانسی ہو گئی ہے۔

حَرَارَتِي مُرْتَفِعَةٌ.
I have a fever / high temperature.
میرا ٹمپریچر بڑھا ہوا ہے، مجھے بخار ہے۔

أُعَانِي مِنَ الصُّدَاعِ الشَّدِيدِ.
I have as severe headache.
مجھے شدید درد کی شکایت ہے۔

اِنْصَحْنِي بِطَبِيبٍ جَيِّدٍ.
Recommend me to a good doctor.
مجھے کوئی اچھا ڈاکٹر بتائیے۔

أَنْصَحُكَ بِأَنْ تَذْهَبَ إِلَى الدُّكْتُورِ مُحَمَّد عَلِي.

I suggest you to go to Dr. Mohammed Ali.

میرا مشورہ ہے کہ آپ ڈاکٹر محمد علی کے پاس جائیے۔

أَيْنَ عِيَادَتُهُ

Where is his clinic?

ان کا مطب کہاں ہے؟

عِيَادَتُهُ بِالْقُرْبِ مِنْ بَيْتِنَا.

His clinic is near our house.

ان کا مطب ہمارے گھر کے قریب ہے۔

إِنْتَظِرْ دَوْرَكَ فِيْ غُرْفَةِ الانْتِظَارِ

Please wait for your turn in the waiting room.

آپ ویٹنگ روم میں باری کا انتظار کیجیے۔

مِنْ فَضْلِكَ اِجْلِسْ

Sit down, please.

براہ کرم بیٹھ جائیے

مَاالْمُشْكِلَةُ؟

What is the problem?

کیا تکلیف ہے؟

أَصَابَنِي بَرْدٌ شَدِيْدٌ.

I have a severe cold.

مجھے سخت نزلہ ہے۔

أَعِنْدَكَ صُدَاعٌ أَيْضًا؟

Do you have a headache as well?

کیا آپ کے سر میں درد بھی ہے۔

نَعَمْ: عِنْدِيْ صُدَاعٌ شَدِيْدٌ.

Yes, I have a severe headache.

جی ہاں: میرے سر میں شدید درد ہے۔

دَعْنِي أَفْحَصُكَ.

Let me examine you.

لائیے میں آپ کو دیکھوں۔

| | |
|---|---|
| هَلْ تُعَانِي مِنْ سُوْءِ الْهَضْمِ؟ | Are you suffering from indigestion?<br>کیا آپ کو بدہضمی کی شکایت ہے؟ |
| نَعَم : أَعَانِي مِنْ سُوْءِ الْهَضْمِ. وَالْأَلَمِ الشَّدِيْدِ فِي الْبَطْنِ. | Yes, I am suffering from indigestion and severe pain in the stomach.<br>جی ہاں: مجھے بدہضمی اور پیٹ میں شدید درد کی شکایت ہے۔ |
| هَلْ تَقَيَّأْتَ أَيْضًا؟ | Have you vomited?<br>کیا آپ کو اُلٹی بھی ہوئی ؟ |
| نَعَمْ: تَقَيَّأْتُ. | Yes, I have vomited<br>جی ہاں: اُلٹی ہوئی |
| كَمْ مَرَّةً تَقَيَّأْتَ. | How many times did you vomit?<br>کتنی مرتبہ اُلٹی ہوئی ؟ |
| تَقَيَّأْتُ مَرَّتَيْنِ. | I vomited twice.<br>مجھے دو مرتبہ الٹی ہوئی |
| هَلْ تُعَانِي مِنَ الْإِمْسَاكِ؟ | Are you complaining of constipation?<br>کیا آپ کو قبض کی شکایت ہے؟ |
| نَعَمْ أُعَانِي مِنَ الْإِمْسَاكِ | Yes, I am suffering from constipation.<br>جی ہاں: مجھے قبض کی شکایت ہے۔ |

مُنْذُ مَتَى أَنْتَ تُعَانِيْ الإِمْسَاكِ؟

Since when have you been suffering from constipation?

آپ کو قبض کی شکایت کب سے ہے؟

أُعَانِيْ مِنْهُ مُنْذُ يَوْمَيْنِ.

I have been suffering from it for two days.

اس کی شکایت مجھے دو دن سے ہے۔

مُنْذُ مَتَى أَنْتَ تُعَانِيْ مِنَ الْأَلَمِ فِي الْبَطْنِ.

Since when have you been complaining of pain in the stomach?

آپ کو پیٹ کے درد کی شکایت کب سے ہے؟

أُعَانِيْ مِنْ هَذَا الْأَلَمِ مِنَ الصَّبَاحِ.

I have been complaining of this pain since mornig.

یہ درد مجھے صبح سے ہو رہا ہے

هَلْ تَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ فِي الْفَمِ؟

Do you feel bitterness in the mouth?

کیا آپ کو منھ میں کڑواہٹ محسوس ہو رہی ہے؟

نَعَمْ: أَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ خَفِيْفَةٍ فِي الْفَمِ.

Yes, I feel slight bitterness in the mouth.

جی ہاں: منہ میں ہلکی سے کڑواہٹ محسوس ہو رہی ہے۔

اِرْفَعْ قَمِيْصَكَ مِنْ فَضْلِكَ.

Please lift your shirt.

ذرا اپنا کرتا اوپر اٹھائیے۔

سَأَقِيْسُ دَرَجَةَ حَرَارَتِكَ.

I' ll check your temperature

میں آپ کا ٹمپریچر چیک کروں گا۔

ضَعْ مِيْزَانَ الْحَرَارَةِ تَحْتَ لِسَانِكَ.

Put the thermometer under your tongue.

تھرمامیٹر زبان کے نیچے رکھیے۔

إِنَّ دَرَجَةَ حَرَارَتِكَ مُرْتَفِعَةٌ.

Yor have a high temperature

آپ کا ٹمپریچر بڑھا ہوا ہے، آپ کو بخار ہے۔

سَأُقِيْسُ ضَغْطَ دَمِكَ.

I' ll check your blood pressure.

میں آپ کا بلڈ پریشر چیک کروں گا۔

إِنَّ ضَغْطَ الدَّمِ فِيْ حَالَةٍ طَبِيْعِيَّةٍ.

Your blood pressure is normal.

آپ کا بلڈ پریشر نارمل ہے۔

سَأُعْطِيْكَ حُقْنَةً.

I will give you an injection

میں آپ کو انجکشن لگاؤں گا۔

عِنْدِيْ حَسَّاسِيَّةٌ.

I have allergy.

مجھے الرجی ہے (خارش ہے)

عِنْدِيْ اِلْتِهَابٌ فِيْ اللَّوْزَةِ.

I have infection in the throat.

میرے گلے میں سوزش ہے۔

عِنْدِيْ اِلْتِهَابٌ فِي الْمَثَانَةِ.

I have infection in the bladder.

میرے مثانہ میں سوزش ہے۔

أَنَا مُصَابٌ بِمَرَضِ الْقَلْبِ.

I am a heart patient.

میں دل کا مریض ہوں۔

يَجِبُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى الْمُسْتَشْفىٰ لِإِجْرَاءِ كَشْفٍ عَامٍّ.

You should go to the hospital for a general check up.

آپ ہسپتال جا کر مکمل چیک اپ کرائیے

لَا يُوْجَدُ مَا يَدْعُوْإِلَى الْقَلَقِ.

There is no cause for concern.

گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔

سَأَصِفُ لَكَ دَوَاءً.

I' ll prescribe a medicine for you.

میں آپ کو دوا لکھ دوں گا۔

عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيَ هٰذَا الدَّوَاءَ مِنَ الصَّيْدَلِيَّةِ.

You should buy this medicince from the chemist shop.

آپ یہ دوا کیمسٹ کی دکان سے خرید لیجیے۔

أَنَا حَامِلٌ.

I am pregnant.

میں حاملہ ہوں

هَلْ يُمْكِنُنِي السَّفَرُ.

Can I travel?

کیا میں سفر کر سکتی ہوں؟

مَتَى تَتَوَقَّعِيْنَ الْوِلَادَةَ؟

When are you expecting the delivery?

ولادت کب متوقع ہے؟

يَجِبُ أَلَّا تُسَافِرِيْ.

You should not travel.

آپ کو سفر نہیں کرنا چاہیے۔

مَا الدَّوَاءَ الَّذِي تَأْخُذِيْنَهُ؟

What medicine are you taking?

آپ کیا دوا لے رہی ہیں؟

I prescribe a medicine for you.
میں آپ کو ایک دوا لکھ دیتا ہوں۔
أَكْتُبُ لَكَ دَوَاءً.

Take this medicine daily.
یہ دوا روزانہ لیجیے۔
خُذِي هَذَا الدَّوَاءَ يَوْمِيًّا.

I can ' t move my hand.
میں اپنا ہاتھ نہیں ہلا سکتا ہوں۔
لا أَسْتَطِيعُ أَنْ أُحَرِكَ يَدِيْ.

It's paining.
اس میں درد ہوتا ہے۔
إِنَّهُ يُؤْلِمُنِي.

You should take X- rays.
آپ ایکس رے کرائیے۔
يَجِبُ عَلَيْكَ أَنْ تَعْمَلَ أَشِعَّةَ إِيْكْسِ.

I have nervous problem.
مجھے اعصابی بے چینی ہے۔
أَنَا فِي حَالَةٍ عَصَبِيَّةٍ.

I want sleeping pills
میں نیند آور گولیاں چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ حُبُوْبًا مُنَوِّمَةً.

Please prescribe for me a tranquilizer.
براہ کرم میرے لیے مُسکّن دوا لکھ دیجیے۔
مِنْ فَضْلِكَ اُكْتُبْ لِيْ دَوَاءً مُسَكِّنًا.

I have nervous tension.
مجھے اعصابی تناؤ ہے۔
أُعَانِي مِنْ إِجْهَادٍ عَصَبِيٍّ.

You need a rest.
آپ کو آرام کی ضرورت ہے۔
أَنْتَ مُحْتَاجٌ إِلٰى رَاحَةٍ.

مَاالْأَقْرَاصَ الَّتِي تَتَنَاوَلُهَا؟

What tablets are you taking?

آپ کون سی گولیاں لیتے ہیں؟

كَمْ قُرْصًا تَتَنَاوَلُ فِي الْيَوْمِ؟

How many tablets do you take in a day?

دن میں کتنی گولیاں لیتے ہیں؟

مَانَوْعُ هَذَا الدَّوَاءِ؟

What kind of medicine is this?

یہ کون سی قسم کی دوا ہے؟

كَم مَرَّةً فِي الْيَوْمِ يَجِبُ أَنْ أَتَنَاوَلَهُ؟

How many times should I take it in the day?

دن میں کتنی مرتبہ لوں؟

هَلْ أَبْتَلِعُهَا كَامِلَةً؟

Should I swallow it whole?

کیا ان کو پورا نگل لوں؟

أَصِفُ لَكَ شَرْبَةً.

I prescribe a syrup for you.

میں آپ کو ایک شربت لکھ دیتا ہوں۔

خُذْمِلْعَقَة شَايٍ مِنْ هَذِهِ الشَّرْبَةِ بَعْدَ كُلِّ ثَلَاثِ سَاعَاتٍ.

Take one teaspoon of this syrup after every three hours.

ہر تین گھنٹہ کے بعد اس شربت میں سے ایک چائے کا چمچہ لے لیجیے۔

وَخُذْ قُرْصَيْنِ مَعَ كُوبِ مَاءٍ.

And take two tablets with a glass of water.

اور دو گولیاں ایک گلاس پانی کے ساتھ لیجیے۔

Take this tablet once in a day before meal. | خُذْ هَذَا الْقُرْصَ مَرَّةً فِي الْيَوْمِ.

یہ گولی دن میں ایک مرتبہ کھانے سے پہلے لیجیے

قَبْلَ الطَّعَامِ.

After meal. | بَعْدَ الطَّعَامِ.

کھانے کے بعد۔

I prescribe for you as laxative. | أَكْتُبُ لَكَ مُلَيِّنًا.

میں آپ کو ایک مُلین لکھ دیتا ہوں۔

Take this laxative at night. | خُذْ هَذَا الْمُلَيِّنَ فِي اللَّيلِ.

یہ مُلین رات کو لے لیجیے۔

What should I take for meals? | مَاذَا آخُذُ فِي الْأَكْلِ.

کھانے میں کیا لوں؟

Take whatever you desire. | خُذْ كُلَّ مَا تَشْتَهِيهِ.

جو آپ کو رغبت ہو وہ لیجیے۔

## A dentist دانتوں کا ڈاکٹر طَبِيبُ أَسْنَانٍ

Please recommend me to a good dentist. | مِنْ فَضْلِكَ اِنْصَحْنِي بِطَبِيبِ أَسْنَانٍ جَيِّدٍ.

کوئی اچھا دانتوں کا ڈاکٹر بتایئے۔

I want an appointment with a dentist. | أُرِيدُ مَوْعِدًا مَعَ طَبِيبِ أَسْنَانٍ.

میں دانتوں کے ڈاکٹر کے ساتھ وقت لینا چاہتا ہوں۔

اَلَا يُمْكِنُ الْحُصُوْلُ على الْمَوْعِدِ قَبْلَ ذٰلِكَ؟

Is it not possible to get the appointment earlier?

کیا اس سے پہلے وقت ملنا ممکن نہیں؟

مَسَاءَ الْخَيْرِ يَا دُكْتُوْرُ!

Good evening, doctor.

شام بخیر ڈاکٹر صاحب!

مَسَاءَ الْخَيْرِ يَا سَيِّدِيْ!

Good evening, sir.

شام بخیر جناب!

مَاذَا بِكَ؟

What' s wrong with you?

آپ کو کیا ہوا؟

عِنْدِیْ ضِرْسٌ تَالِفٌ يُضَايِقُنِي.

I have a bad molar tooth that is troubling me.

میری ایک خراب ڈاڑھ مجھے پریشان کر رہی ہے۔

لَقَدْ عَانَيْتُ مِنْهُ أُسْبُوعًا بِكَامِلِه.

I have been suffering from it for a whole week.

میں اس سے پورے ایک ہفتے تک پریشان رہا ہوں۔

إِنَّهُ يُؤْلِمُنِي جِدًّا.

It hurts me very much.

اس سے مجھے شدید درد ہو رہا ہے۔

أَيُؤْلِمُكَ عِنْدَ مَا تَأْكُلُ؟

Does it hurt you when you eat?

کیا کھاتے وقت آپ کو تکلیف ہوتی ہے۔

لَا فَقَطْ عِنْدَ مَا يَلْمِسُهُ الْمَاءُ الْبَارِدُ.

No, only when the cold water touches it.

نہیں، صرف اس وقت جب اس کو ٹھنڈا پانی لگتا ہے۔

إِنَّهُ الْتِهَابٌ فِي الْعَصَبِ

There is infection in the nerve.

یہ تو رگ میں سوزش ہے۔

هَلْ سَتَخْلَعُ هَذَا الضِّرْسَ؟

Will you extract this molar tooth?

کیا آپ اس داڑھ کو نکالیں گے؟

لَا أَصِفُ لَكَ دَوَاءً لِهَذَا الْالْتِهَابِ.

No, I will prescribe a medicine for this infection.

نہیں، میں اس سوزش کے لیے آپ کو دوا لکھ دیتا ہوں۔

عِنْدَكَ أَيْضًا الْتِهَابُ اللِّثَةِ.

You also have infection in the gums.

آپ کے مسوڑھوں میں بھی ورم ہے۔

وَلَكِنَّ الْأَنْيَابَ وَالْقَوَاطِعَ سَلِيمَةٌ.

But the top and front teeth are all right.

لیکن اوپر کے دانت اور سامنے والے دانت ٹھیک ہیں۔

مَاذَا يَشْكُو هَذَا الضِّرْسُ؟

What is the problem with this molar tooth?

اس ڈاڑھ میں کیا شکایت ہے؟

إِنَّهُ تَالِفٌ لَقَدْ أَحْدَثَ التَّسَوُّسُ فِيهِ ثَقْبًا كَبِيرًا.

It is decayed, bacteria has caused a huge cavity in it.

یہ خراب ہو گئی ہے، کیڑا لگنے کی وجہ سے اس میں ایک بڑا سوراخ ہو گیا ہے۔

سَوْفَ أَحْشُوهُ لَكَ

I' ll fill it.

میں اس کو بھر دوں گا۔

أَتَرْغَبُ فِي حَشْوٍ مِنَ الذَّهَبِ أَوِ الْبَلاتِيْنِ.

Do you want the filling to be of gold or platinum?

آپ اس کو سونے سے بھروانا پسند کریں گے یا پلاٹینم سے؟

أُرِيْدُ حَشْوًا بَلاتِيْنِيًّا.

I want platinum filling.

میں پلاٹینم سے بھروانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ تَأْكُلُ شَيْئًا لِمُدَّةِ سَاعَتَيْنِ.

Don't eat anything for two hours.

دو گھنٹے تک کچھ مت کھایئے

عُدْ بَعْدَ ثَلاثَةِ أَيَّامٍ.

Come back after three days.

تین روز کے بعد دوبارہ آیئے۔

هَذِهِ السِّنُّ مُتَخَلْخِلَةٌ.

This tooth is loose.

یہ دانت ہل رہا ہے۔

لَا يُمْكِنُ الْإِبْقَاءُ عَلَيْهَا.

It is not possible to save it.

اس کو باقی رکھنا ممکن نہیں ہے۔

أَخْلَعُهَا.

I will take it out.

میں اس کو نکال دیتا ہوں۔

سَوْفَ أُعْطِيْكَ حُقْنَةً وأُؤَكِّدُ لَكَ بِأَنَّكَ لَنْ تَشْعُرَ بِأَيِّ شَيْئٍ.

I' ll give you an injection and assure you that you will not feel anything (pain).

میں آپ کو انجکشن لگاؤں اور یقین دلاتا ہوں کہ آپ کو کچھ بھی محسوس نہیں ہوگا۔

مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي مُخَدِّرًا.

Please make it numb.

براہ کرم سن کر دیجیے۔

أَلَمْ يَسْبِقْ لَكَ الْجُلُوسُ عَلَى كُرْسِيِّ طَبِيْبِ الْأَسْنَانِ؟

Have you never sit on a dentist's chair earlier?

کیا آپ اس سے پہلے دندان ساز کی کرسی پر نہیں بیٹھے؟

لَا: أَجْلِسُ عَلَى هَذَا الْكُرْسِيِّ لِأَوَّلِ مَرَّةٍ.

No, I am sitting on this chair for the first time.

نہیں، میں اس کرسی پر پہلی بار بیٹھ رہا ہوں۔

هَذَا الضِّرْسُ يُؤْلِمُنِي.

This molar tooth is paining.

اس داڑھ میں درد ہے۔

أُرِيدُ خَلْقَ هَذِهِ السِّنِّ.

I want to get this tooth extracted.

میں اس دانت کو نکلوانا چاہتا ہوں۔

أُرِيدُ حَشْوَ هَذَا الضِّرْسِ.

I want to fill this molar tooth.

میں اس ڈاڑھ کو بھروانا چاہتا ہوں۔

هَلْ يُمْكِنُكَ إِصْلَاحُ الْحَشْوَةِ.

Can you correct the filling?

کیا آپ بھراؤ کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟

يَبْدُو أَنَّ عِنْدِي خُرَّاجاً.

It seems that I have an abscess.

لگتا ہے میرے پھوڑا ہو گیا۔

لَقَدْ اِنْكَسَرَتْ قَاعِدَةُ طَاقِمِ أَسْنَانِي.

The support of my dentures has broken.

میرے مصنوعی دانتوں کا چوکا ٹوٹ گیا ہے۔

# اَجْزَاءُ جِسْمِ الإِنْسَانِ
## Parts of Human Body
### انسانی جسم کے حصے

| | | |
|---|---|---|
| Body | جسم | اَلْجِسْمُ |
| Head | سر | اَلرَّأْسُ |
| Hair | بال | اَلشَّعْرُ |
| Forehead/brow | پیشانی | اَلْجَبْهَةُ |
| Temple | کنپٹی | اَلصُّدْغُ |
| Eyebrow | بھنویں | اَلْحَاجِبُ (اَلْحَاجِبَانِ) |
| Eyelid | پپوٹے | اَلْجَفْنُ |
| Eyelash | پلکیں | اَلْهُدْبُ |
| Eye | آنکھیں | اَلْعَيْنُ (اَلْعَيْنَانِ) |
| Eyeball | آنکھ کا ڈھیلا | قُبَّةُ الْعَيْنِ |
| Pupil of the eye | پتلی | اَلْبُؤْبُؤُ |
| Cheek | گال | اَلْخَدُّ |
| Cheek | گال/کلہ | اَلْوَجْنَةُ |

| | | |
|---|---|---|
| Nose | ناک | اَلأَنفُ |
| Nostril | نتھنا | اَلْخَيْشُوْمُ |
| Mouth | منہ | اَلْفَمُ |
| Lip (Lips) | ہونٹ | اَلشَّفَةُ (اَلشَّفَتَانِ) |
| Tooth(teeth) | دانت | اَلسِّنُّ |
| Tongue | زبان | اَللِّسَانُ |
| Chin | ٹھوڑی | اَلذَّقَنُ |
| Ear | کان | اَلْأُذُنُ |
| Shoulder | کندھے | اَلْكَتِفُ (اَلْكَتِفَانِ) |
| Arm | بازو | الذِّراعُ |
| Forearm | بانہہ | اَلسَّاعِدُ |
| Hand | ہاتھ | اَلْيَدُ |
| Finger | انگلی | اَلإِصْبَعُ |
| Forefinger | انگشت شہادت | اَلسَّبَّابَةُ |
| Middle Finger | درمیانی انگلی | اَلْوُسْطَى |
| Ring finger | تیسری انگلی | اَلْبِنْصَرُ |
| Little Finger | چھنگلیا | اَلْخِنْصَرُ |

| | | |
|---|---|---|
| Thumb | انگوٹھا | اَلْإِبْهَامُ |
| Nail | ناخن | اَلظُّفُرُ |
| Chest | سینہ | اَلصَّدْرُ |
| Stomach | معدہ | اَلْمِعْدَةُ |
| Heart | دل | اَلْقَلْبُ |
| Lung | پھیپھڑے | اَلرِّئَةُ (اَلرِّئَتَانِ) |
| Back | پیٹھ | اَلظَّهْرُ |
| Knee | گھٹنا | اَلرُّكْبَةُ |
| Calf | پنڈلی | اَلسَّاقُ |
| Foot | پاؤں | اَلْقَدَمُ |
| *Muscle* | پٹھے | اَلْعَضَلَةُ |
| Blood | خون | اَلدَّمُ |
| Nerve | اعصاب۔ پٹھے | اَلْعَصَبُ |
| Waist | کمر | اَلْخَاصِرَةُ |
| Saliva | رال | اَللُّعَابُ |
| Heel | ٹخنہ | اَلْكَعْبُ |
| Intestine | آنت | اَلْمِعَى |

| | | |
|---|---|---|
| Heel | ایڑی | اَلْعَقِبُ |
| Breast / Mamma | پستان | اَلثَّدْیُ (اَلثَّدْیَانِ) |
| Nipple | پستان کا سرا | حَلَمَةُ الثَّدْیِ |
| Abdomen | پیٹ | اَلْبَطْنُ |
| Pericardium | پردۂ دل | غِلَافُ الْقَلْبِ |
| Rib | پسلی | اَلضِّلَعُ |
| Checke | تلوہ | أَخْمَصُ الْقَدَمِ |
| Palate | تالو | اَلْحَنَكُ |
| Spleen | تلی | اَلطِّحَالُ |
| Ankle | ٹخنہ | رُسْغُ الْقَدَمِ |
| Skin | کھال | اَلْجِلْدُ |
| Jaw | جبڑا | اَلْفَكُّ |
| Liver | جگر | اَلْكَبِدُ |
| Joint | جوڑ | اَلْمَفْصِلُ |
| Face | چہرا | اَلْوَجْهُ |
| Throat | حلق | اَلْحَنْجَرَةُ |
| Molar tooth | ڈاڑھ | اَلضِّرْسُ |

| | | |
|---|---|---|
| اَللِّحْيَةُ | داڑھی | Beard |
| اَلْمُخُّ | دماغ | Brain |
| اَلْفَخِذُ | ران | Thigh |
| اَلرَّحِمُ | رحم | Uterus |
| اَلْفَرْجُ (فَرْفُ الْمَرْأَةِ) | اندام نہانی / شرم گاہ | Vulva |
| اَلذَّكَرُ | آلۂ تناسل | Penis |
| اَلْوَرِيدُ | رگ | Vein |
| اَلْقَضِيبُ | آلہ تناسل | Penis |
| اَلشَّرْيَانُ | شریان۔نبض | Artery |
| ضِرْسُ الْعَقْلِ | عقل ڈاڑھ | Wisdom tooth |
| طَبْلَةُ الْأُذُنِ | کان کا پردہ | Eardrum |
| اَلرُّسْغُ | کلائی | Wrist |
| اَلْمِرْفَقُ | کہنی | Elbow |
| اَلْجُمْجُمَةُ | کھوپڑی | Skull |
| اَلْإِبْطُ | بغل | Armpit |
| اَلْعُنُقُ | گردن | Neck |
| اَلْكُلْيَةُ | گردہ | Kidney |

| | | |
|---|---|---|
| Urinary bladder | مثانہ | اَلْمَثَانَةُ |
| Moustache | مونچھ | اَلشَّارِبُ |
| Gum, gingiva | مسوڑھا | لِثَةُ الْأَسْنَانِ |
| Nostril | ناک کا نتھنا | اَلْمَنْخِرُ |
| Bone | ہڈی | اَلْعَظْمُ |
| Palm (of the hand) | ہتھیلی | رَاحَةُ الْيَدِ |
| Collarbone | ہنسلی | اَلتَّرْقُوَةُ |
| Pulse | نبض | اَلنَّبْضُ |
| Navel | ناف | اَلسُّرَّةُ |
| Lap | گود | اَلْحُجْرُ |
| Lock of the hair | زلف، لٹ، چوٹی | خُصْلَةُ الشَّعْرِ |
| Pore | مسامات | سُمُّ الْجِلْدِ |
| Bun | بالوں کا جوڑا | كَعْكَةُ الشَّعْرِ |

# Diseases بیماریاں اَلْأَمْرَاضُ

| English | اردو | العربية |
|---|---|---|
| Inflammation | سوزش | اَلِالْتِهَابُ |
| Muscular pain | پٹھے کا درد | اَلْأَلَمُ الْعَضَلِيُّ |
| Abdominal pain | پیٹ کا درد | اَلْأَلَمُ الْبَطْنِيُّ |
| Constipation | قبض | اَلْإِمْسَاكُ |
| Diarrhoea | پیٹ چلنا، دست | اَلْإِسْهَالُ |
| Pneumonia | نمونیا | اَلِالْتِهَابُ الرِّئَوِيُّ |
| Bronchitis | پھیپھڑوں کا ورم | اَلِالْتِهَابُ الشُّعَبِيُّ |
| Pain/ ache | درد | اَلْأَلَمُ |
| Hepatitis | جگر کی بیماری | اِلْتِهَابُ الْكَبِدِ |
| Cold | ٹھنڈ | اَلْبَرْدُ |
| Piles | بواسیر | اَلْبَوَاسِيرُ |
| Phlegm/ sputum | بلغم | اَلْبَلْغَمُ |
| Pimples | پھنسی ۔ مہاسے | اَلْبَثْرَةُ (اَلْبُثُورُ) |
| Urine | پیشاب | اَلْبَوْلُ |

| | | |
|---|---|---|
| Stool | پاخانہ | اَلْبَرَازُ |
| Obesity | موٹاپا | اَلْبَدَانَةُ |
| Wart | مَستا | اَلثُّؤْلُوْلُ |
| Injury/ wound | زخم | اَلْجُرْحُ |
| Eczema | داد۔اگزیما | اَلْأَكْزِيْمَا مَرَضٌ جِلْدِيٌّ |
| Insanity | پاگل پن | اَلْجُنُوْنُ |
| Spit, saliva | تھوک | اَلْبُصَاقُ |
| Yawning | جماہی | اَلتَّثَاؤُبُ |
| Smallpox | چیچک | اَلْجُدَرِيُّ |
| Abortion | حمل گرانا | اَلْإِجْهَاضُ |
| scabies/ itching | خارش | اَلْجَرَبُ |
| Vomiting | قے کرنا | اَلتَّقَيُّؤُ |
| Leprosy | کوڑھ | اَلْجُذَامُ |
| Sunstroke | سن اسٹروک/لو | ضَرْبَةُ الشَّمْسِ |
| Burn | جلنا | اَلْحَرْقُ |
| Fever | بخار | اَلْحُمَّى |

| | | |
|---|---|---|
| حَصَاةٌ (فِي الْمَثَانَةِ الْكُلْيَةِ) | پتھری (مثانے میں یا گردے میں) | Stones in the bladder or kidney |
| حَمْضِيَّةٌ / حُمُوضَةٌ | تیزابیت | Acidity |
| اَلتَّعْقِيبَةُ: السَّيَلَانُ | سوزاک | Gonorrhoea |
| اَلْحُمَّى النَّمَشِيَّةُ | کالا بخار | Spotted fever |
| اَلْحَكَّةُ | کھجلی ۔ خارش | Itching |
| حَبُّ الشَّبَابِ، حَبُّ الصِّبَا | مہاسے | Acne |
| اَلْحُمَّى التِّيفِيَّةُ | موتی جھارا۔ ٹائیفائڈ | Typhoid fever |
| اَلْخُرَاجُ | پھوڑا، پھنسی | Abscess |
| اَلْخَدْشُ | رگڑ، خراش | Scratch |
| دَرَجَةُ الْحَرَارَةِ | بخار کی ڈگری / درجہ حرارت | Temperature |
| اَلدُّمَّلُ | پھوڑا / دنبل | Furuncle/ boil |
| اَلدَّمْعُ (الدُّمُوعُ) | آنسو | Tears |
| دَاءُ الاِسْتِسْقَاءِ | استسقاء، پیاس لگنا | Dropsy, edema |
| اَلدُّوَّارُ، الدُّوخَةُ | چکر آنا | Dizziness |
| دَاءُ السُّكَّرِيِّ | ذیابیطس | Diabetes |

| | | |
|---|---|---|
| Worm/ worms | کیڑا (کیڑے) | دُوْدَةٌ (دِيْدَانٌ) |
| Mental anxiety | دماغی پریشانی | اَلذُّهَانُ |
| Asthma | دمہ | اَلرَّبْوُ |
| Nosebleed, nasal hemorrhage | نکسیر | اَلرُّعَافُ |
| Cold | زکام | اَلزُّكَامَ |
| Dysentery | پیچش | اَلزُّحَارُ:الدِيْزَ انْطَارِيَا |
| Syphilis | آتشک | اَلسِّفْلِسُ |
| Indigestion | بدہضمی | سُوْءُ الْهَضْمِ |
| Tuberculosis | تپ دق | اَلسُّلُّ |
| Leucorrhoea Vaginal discharge | سیلان الرحم | اَلسَّيَلَانُ الْأَبْيَضُ |
| Cough | کھانسی | اَلسُّعَالُ |
| Cancer | کینسر | اَلسَّرَطَانُ |
| Cataract | موتیابند | اَلسُّدُّ |
| Headache | دردسر | اَلصُّدَاعُ |
| Health | صحت / تندرستی | اَلصِّحَّةُ |
| Epilepsy | مرگی | اَلصَّرْعُ |

| | | |
|---|---|---|
| Indigestion | بدہضمی | عُسْرُ هَضْمٍ |
| Sweat | پسینہ | اَلْعَرَقُ |
| Sneezing | چھینک | اَلْعُطَاسُ |
| Loss of appetite | بھوک نہ لگنا | فُقْدَانُ الشَّهِيَّةِ |
| Sunstroke | لو لگنا | ضَرْبَةُ الشَّمْسِ |
| Ulcer | اَلسر | اَلْقُرْحَةُ |
| Bruise | خراش | اَلْكَدْمَةُ |
| Cut | کٹنا | اَلْقَطْعُ |
| Hernia | آنت اترنا | اَلْفَتْقُ |
| Influenza | انفلوئنزا | اَلنَّزْلَةُ الْوَافِدَةُ |
| Pus | پس/پیپ | اَلْقَيْحُ، الصَّدِيْدُ |
| Thirst | پیاس | اَلظَّمَأُ |
| Anemia | خون کی کمی | فَقْرُ الدَّمِ |
| Bleeding | خون بہنا | اَلنَّزْفُ ، النَّزِيْفُ |
| Ringworm | داد | اَلْقُوبَاءُ الْحَلَقِيَّةُ |
| Belching | ڈکار لینا | اَلتَّجَشُّؤُ |
| Delivery | زچگی | اَلْوَضْعُ، اَلْوِلاَدَةُ |

| | | |
|---|---|---|
| اَلنَّفَسُ ، اَلتَّنَفُّسُ | سانس لینا | Respiration |
| اَلطَّاعُوْنُ | طاعون | Plague |
| اَلْمَغْصُ | مروڑ، اینٹھن | Colic/ gripe |
| اَلْوَثَاءَةُ : لَيُّ الْمَفْصِلِ<br>أَوِالْتِوَاءُهٗ | موچ، نس چڑھنا | Sprain |
| اَلنَّوْمُ | نیند | Sleep, slumber |
| اَلنَّاسُوْرُ | ناسور | Fistula |
| اَلْوَرَمُ | ورم | Swelling |
| اَلْفُوَاقُ | ہچکی | Hiccup |
| اَلْهَيْضَةُ اَلْكُوْلِيْرَا | کالرا | Cholera |
| اَلْيَرْقَانُ | یرقان / پیلیا | Jaundice |

## العاهات — نقائص — Defects

| | | |
|---|---|---|
| أَعْمٰى | نابینا | Blind |
| أَعْوَرُ | کانا | One- eyed |
| أَعْرَجُ | لنگڑا | Lame, Cripple |
| أَصَمُّ | بہرا | Deaf |

| | | |
|---|---|---|
| غَبِيٌّ | بیوقوف | Stupid, foolish |
| مَرِيضٌ | بیمار | Sick |
| ضَعِيفٌ | کمزور | Weak |
| أَحْوَلُ | بھینگا | Cross- eyed |
| أَحْدَبُ | کبڑا | Humpbacked |
| أَخْرَسُ | گونگا | Mute, dumb |
| أَقْرَعُ | گنجا | Bald |
| عَلِيلٌ | بیمار | Sick, ill |

## اَلْفَضَائِلُ خوبیاں Good attributes

| | | |
|---|---|---|
| شُجَاعٌ | بہادر | Courageous |
| حَسَّاسٌ | حساس | Sensitive |
| مُجْتَهِدٌ | محنتی | Hardworking |
| فَعَّالٌ | فعّال/مؤثر | Efficient |
| نَشِيطٌ | مستعد/چست | Active |
| صَادِقٌ | سچا | Honest, sincere |

| | | |
|---|---|---|
| Trustworthy. | دیانت دار | أَمِيْنٌ |
| Sincere | مخلص/وفادار | مُخْلِصٌ |
| Assistant | مددگار | مُسَاعِدٌ |
| Wise | عقل مند | عَاقِلٌ |
| Obedient | فرمانبردار | مُطِيْعٌ |
| Moderate | معتدل/میانہ رو | مُعْتَدِلٌ |
| Kind | مہربان | لَطِيْفٌ |
| Well- mannered | مہذب | مُهَذَّبٌ |
| Reliable, truthful | سچا | صَدُوْقٌ |
| Loving / affectionate | چاہنے والا | مُحِبٌّ |
| Respected | محترم | مُحْتَرَمٌ |
| Happy | خوش | مَسْرُوْرٌ |
| Lucky, fortunate | خوش قسمت/خوش | سَعِيْدٌ |
| Glad, Cheerful | خوش باش | مُبْتَهِجٌ |
| Kind, Good | فراخدل | كَرِيْمٌ |
| Opitmistic | خوش فہم/نیک گمان کرنے والا | مُتَفَائِلٌ |
| Sober | سنجیدہ | رَزِيْنٌ |

| | | |
|---|---|---|
| عَادَةٌ حَسَنَةٌ | اچھی عادت | Good habit |
| وَقُوْرٌ | باوقار | Sober, dignified |

## اَلرَّذَائِلُ برائیاں Bad attributes

| | | |
|---|---|---|
| جَبَانٌ | بزدل | Coward |
| عَدِيْمُ الشُّعُوْرِ | بے شعور/بے حس | Senseless |
| كَسْلَانٌ | سست | Lazy, idle |
| خَامِلٌ | گمنام | Unknown, nameless |
| كَذَّابٌ | جھوٹا | Liar |
| غَيْرُ أَمِيْنٍ | بددیانت | Dishonest |
| غَيْرُ مُخْلِصٍ | بے وفا | Faithless |
| عَدِيْمُ الْمُسَاعَدَةِ | غیر متعاون | Non cooperative |
| أَحْمَقُ | بے وقوف | Stupid, foolish |
| عَاصٍ | نافرمان | Disobedient |
| مُتَكَبِّرٌ | مغرور | Proud, Arrogant |
| غَيْرُ لَطِيْفٍ | نامہربان | Unkind |

| | | |
|---|---|---|
| Cruel, merciless | سنگ دل | قَاسٍ |
| Miser | کنجوس | بَخِيْلٌ |
| Hateful | قابل نفرت | مَكْرُوْهٌ |
| Unrespected | نا قابل احترام، بے وقعت | عَدِيْمُ الْإِحْتِرَامِ |
| Unhonoured | بے حیثیت | عَدِيْمُ التَّقْدِيْرِ |
| Miserable | ناخوش، بد قسمت | تَعِيْسٌ |
| Negligent | لا پرواہ | مُهْمِلٌ |
| Dull/ unintelligent | غبی / کند ذہن | غَبِيٌّ |
| Pessimist | ناامید، قنوطی / بدشگون | مُتَشَائِمٌ |
| Bad habit | بری عادت | عَادَةٌ سَيِّئَةٌ |

## فِي الْمُسْتَشْفَى
## In the Hospital
## ہسپتال میں

لَقَدْ وَقَعَ حَادِثُ سَيَّارَةٍ لِلسَّيِّدِ نَبِيْلٍ.

Mr. Nabil has met a car accident

نبیل صاحب کو کار کا حادثہ پیش آ گیا ہے۔

هَلْ أُصِيْبَ؟

Is he injured?

کیا وہ زخمی ہو گئے؟

أَجَلْ، لَقَدْ اِرْتَطَمَ بِزُجَاجِ السَّيَّارَةِ الأَمَامِيِّ.

Yes, he hit against the windshield.

جی ہاں: وہ گاڑی کے ونڈشیلڈ (سامنے والے شیشے) سے ٹکرا گئے۔

هَلْ رَأَيْتَ السَّيَّارَةَ بَعْدَ الْحَادِثِ؟

Did you see the car after the accident?

کیا آپ نے حادثے کے بعد گاڑی کو دیکھا؟

نَعَمْ : وَيَصْعُبُ تَصَوُّرُ وَجُوْدِ أَيِّ شَخْصٍ بِدَاخِلِهَا دُوْنَ أَنْ يَكُوْنَ قَدْ أُصِيْبَ إِصَابَةً بَالِغَةً.

Yes,it's difficult to imagine anyone present inside without having sustained serious injuries.

جی ہاں (گاڑی کو دیکھ کر) یہ تصور کرنا بھی مشکل ہے کہ اس کے اندر کوئی شخص موجود ہو اور اس کو زبر دست چوٹ نہ آئی ہو۔

أَكَانَ الْحَادِثُ خَطِيْرًا إِلَى هٰذَا الْحَدِّ؟

Was the accident so serious?

کیا حادثہ اتنا خطرناک تھا؟

نَعَمْ لِسُوْءِ الْحَظِّ.

Yes, unfortunately.

جی ہاں: بدقسمتی سے۔

هَيَّا بِنَا إِلَى الْمُسْتَشْفَى فَوْرًا

Let's go to the hospital immediately.

آیئے ہم فوراً ہسپتال چلتے ہیں۔

اَلآنَ يُمْكِنُكَ أَنْ تَسْأَلَ الْمُمَرِّضَةَ الْمَوْجُوْدَةَ فِي مَكْتَبِ الاِسْتِعْلامَاتِ.

You can now inquire from the nurse present at the enquiry office.

اب آپ انکوائری آفس میں موجود نرس سے پوچھ سکتے ہیں۔

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُعْطِيْنَا مَـعْـلُوْمَـاتٍ عَنِ السَّيِّدِ نَبِيْلٍ الَّـذِيْ أُدْخِلَ الْـمُسْتَشْـفَـى هٰذَا الْمَسَاءَ؟

Can you give us any information abut Mr. Nabil who was admitted to the hospital this evening.

کیا آپ ہمیں نبیل صاحب کے بارے میں بتا سکتی ہیں جن کو آج شام ہسپتال میں داخل کیا گیا؟

طَبْـعًـا: لَـقَـدْ أُدْخِلَ إِلَـى غُـرْفَةِ الْعَمَلِيَّاتِ قَبْلَ سَاعَتَيْنِ.

Of course; he has been taken to the operation theater two hours ago

یقیناً: ان کو دو گھنٹہ پہلے آپریشن تھیٹر میں لے جایا گیا۔

اِسْتَلْزَمَ الْأَمْرُ إِجْرَاءَ عَمَلِيَّةٍ جَرَاحِيَّةٍ لَهُ

He had to be operated upon.

ان کا آپریشن کرنا پڑا۔

هَـلْ مَـازَالَ عَـلَـى طَـاوِلَةِ الْعَمَلِيَّاتِ؟

Is he still on the operation table?

کیا وہ اب تک آپریشن کی میز پر ہیں؟

لَاأَظُـنُّ ذٰلِكَ ، يُـمْـكِـنُـكَ أَنْ تَسْأَلَ الطَّبِيْبَ.

I don't think so, you can ask the doctor.

میں ایسا نہیں سمجھتی، آپ ڈاکٹر سے پوچھ سکتے ہیں۔

هَـلِ السَّيِّـدُ نَبِيْـلٌ عَـلَـى مَـا يُـرَامُ يَادُكْتُوْرُ؟

Doctor! Is Mr. Nabil alright.

ڈاکٹر صاحب کیا مسٹر نبیل ٹھیک ہیں؟

عِنْدَهُ ضِلْعٌ مَكْسُورٌ وَجُرْحٌ عَمِيقٌ نَوْعاً مَافِي الْوَجْهِ.

He has a broken rib and somewhat a deep wound on his face.

ان کی ایک پسلی ٹوٹی ہوئی ہے اور چہرے پر کسی قدر گہرا زخم ہے۔

لَقَدِ اضْطُرِرْتُ إِلَى إِجْرَاءِ تِسْعِ قُطَبٍ لِقَفْلِ الْجُرْحِ.

I had to give him nine stitches to close the wound.

زخم بند کرنے کے لیے مجھے نو ٹانکے لگانے پڑے ہیں۔

لَقَد تَخَلْخَلَ مَفْصِلُ قَدَمِهِ وَالْتَوَتْ يَدُهُ قَلِيْلاً.

He has a dislocated leg joint and his arm has twisted.

ان کے پاؤں کا جوڑ سرک گیا ہے اور ہاتھ تھوڑا سا مڑ گیا ہے۔

كَانَ يُمْكِنُ أَنْ يَكُوْنَ الْحَالُ أَكْثَرَ سُوْءً .

The condition could have been worse.

حالت اس سے بھی بری ہو سکتی تھی۔

هَلْ يُمْكِنُ أَنْ نَرَاهُ الْآنَ يَا دُكْتُورُ؟

Doctor!Can we see him now?

ڈاکٹر صاحب کیا اب ہم ان کو دیکھ سکتے ہیں؟

طَبْعًا وَلَكِنْ لِمُدَّةِ بِضْعِ دَقَائِقَ فَقَطْ

Sure, but only for a few minutes.

یقیناً لیکن صرف چند منٹ کے لیے

| | |
|---|---|
| أَحْسَنُ شَيْءٍ الآنَ هُوَ الرَّاحَةُ | The best thing for him now is The rest.<br>ان کے لیے فی الحال سب سے بہتر آرام ہے۔ |
| إِنَّهُ فِي قِسْمِ الرِّجَالِ. | He is in the men's ward.<br>وہ مردانہ وارڈ میں ہیں۔ |
| غُرْفَةٌ رَقْمِ ٦٥ | Room No.65<br>کمرہ نمبر ٦٥ |
| لَا تُقْلِقْهُ مِنْ فَضْلِكَ | Don't disturb him, please.<br>براہ کرم ان کو پریشان نہ کیجیے۔ |
| إِنَّهُ مُسْتَغْرِقٌ فِي النَّوْمِ. | He is fast asleep<br>وہ گہری نیند میں ہیں۔ |
| إِلَى مَتَى سَتَظَلُّ رِجْلُهُ فِي الْجِبْسِ؟ | For how long the plaster on his leg will remain?<br>ان کی ٹانگ پر کب تک پلاسٹر چڑھا رہے گا؟ |
| لِأُسْبُوعَيْنِ عَلَى الأَقَلِّ. | At least for two weeks.<br>کم از کم دو ہفتے کے لیے |

❀❀❀❀

# حَادِثَةٌ فِي الطَّرِيقِ
# An accident on the road
## سڑک پر ایک حادثہ

وَقَعَتْ حَادِثَةٌ عَلَى بُعْدِ ثَلاثَةِ أَمْيَالٍ مِنْ هُنَا.

An accident has taken place at the distance of three miles from here.

یہاں سے تین میل کے فاصلے پر ایک حادثہ پیش آ گیا ہے۔

هَلْ بِإِمْكَانِكَ ، إِذَا سَمَحْتَ، أَنْ تَتَّصِلَ بِالشُّرْطَةِ؟

Can you,please, contact the police?

کیا آپ مہربانی کر کے پولیس کو فون کر سکتے ہیں؟

كَلَّا :لَمْ أَرَ الْحَادِثَةَ.

Never,I haven' t seen the accident.

جی نہیں: میں نے حادثہ نہیں دیکھا

لَا أَظُنُّ أَنَّ أَحَدًا قَدْ جُرِحَ.

I don't think that anyone is injured.

میں نہیں سمجھتا کہ کوئی آدمی زخمی ہوا ہے۔

يُوجَدُ جَرِيحٌ فِي حَالَةٍ خَطِرَةٍ.

There is an injured in a serious condition.

ایک زخمی خطرناک حالت میں ہے۔

هَلْ أَنْتَ عَلَى مَايُرَامُ؟

Are you all right?
کیا آپ ٹھیک ٹھاک ہیں؟

رُكَّابُ سَيَّارَتِي لَيْسُوا مُصَابِيْنَ.

The passengers of my car are not injured.
میری گاڑی کی سواریاں زخمی نہیں ہیں۔

أُصِيْبَتِ السَّيَّارَةُ بِأَضْرَارٍ بَسِيْطَةٍ.

The car has got minor damages.
گاڑی کو معمولی نقصانات پہنچے ہیں۔

هَلْ يُمْكِنُكَ إِعْطَائِي التَّفَاصِيْلَ عَنْ تَأْمِيْنِكَ؟

Can you give me the details of you insurance?
کیا آپ مجھے اپنے بیمہ کی تفصیلات بتا سکتے ہیں؟

إِسْمُكَ وَعُنْوَانُكَ مِنْ فَضْلِكَ؟

Your name and address, please?
ذرا اپنا نام اور پتہ بتایئے

هَلْ يُمْكِنُكَ مَلْءُ هٰذِهِ الإِسْتِمَارَةِ؟

Can you fill in this form?
کیا آپ یہ فارم پُر کر سکتے ہیں؟

أَظُنُّ أَنَّهُ يَجِبُ اِسْتِدْعَاءُ الشُّرْطَةِ.

I think that the police should be called.
میرا خیال ہے کہ پولیس کو بلانا چاہیے

عَفْواً، هَلْ أَنْتَ مُسْتَعِدٌّ أَنْ تَكُوْنَ شَاهِدًا؟

Excuse me, are you prepared to be a witness?
معاف کیجیے، کیا آپ گواہ بننے کے لیے تیار ہیں؟

حَصَلَ الْحَادِثُ لِأَنَّهُ فَرْمَلَ سَيَّارَتَهُ فَجْأَةً.

The accident occurred because he braked his car suddenly.

حادثہ اس لیے پیش آیا کیونکہ اس نے اپنی گاڑی کو اچانک بریک لگا دیا۔

كَانَ يُحَاوِلُ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ طَرِيقٍ جَانِبِيٍّ مِنْ دُوْنِ إِخْطَارٍ مُسَبَّقٍ.

He was trying to come out from the side street without indicating first.

وہ ذیلی سڑک سے اشارہ دیے بغیر نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔

كَانَ يُحَاوِلُ التَّجَاوُزَ فِي طَرِيقٍ ضَيِّقٍ.

He was trying to overtake on a narrow road.

وہ ایک تنگ راستے میں آگے کی کوشش کر رہا تھا۔

دَارَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُخْطِرَ بِذَالِكَ مُسَبَّقًا.

He turned wihout giving an indication.

وہ پہلے سے اشارہ دیے بغیر مڑ گیا۔

هَلْ يُمْكِنُنِي أَنْ أَشْرَحَ الْأَمْرَ لِمَنْ يَفْهَمُ الْإِنْكِلِيْزِيَّةَ؟

Can I explain the incident to someone who understands English.

کیا میں کسی ایسے آدمی سے حادثہ کی وضاحت کر سکتا ہوں جو انگریزی سمجھتا ہو؟

❁❁❁❁

# تَعَطُّلُ السَّيَّارَةِ
# Breakdown of car
# کار کی خرابی

شُكْرًا لِتَوَقُّفِكَ، إِنَّنِي فِي مُشْكِلَةٍ كَبِيرَةٍ.

Thanks for stopping, I am in a big problem.

آپ کے رکنے کا شکریہ، میں بڑی پریشانی میں ہوں

مَا الْخَطْبُ ، هَلْ تُرِيدُ مُسَاعَدَتِي؟

What' s the matter? Do you need my help.

کیا بات ہے، کیا آپ کو میری مدد کی ضرورت ہے؟

نَعَمْ : أُرِيدُ مُسَاعَدَتَكَ لِأَنَّ سَيَّارَتِي قَدْ تَعَطَّلَتْ.

Yes, I need your help because my car has stalled.

جی ہاں: مجھے آپ کی مدد کی ضرورت ہے کیونکہ میری گاڑی خراب ہوگئی ہے۔

هَلْ يُمْكِنُكَ إِخْطَارُ أَوَّلِ مَرْأَبٍ تَرَاهُ فِي الطَّرِيقِ؟

Can you inform the first garage you see on the road?

راستے میں جو بھی پہلا گیرج نظر آئے کیا آپ وہاں اطلاع کر سکتے ہیں؟

Can you take me the nearest telephone booth?
کیا آپ مجھے کسی قریب ترین ٹیلی فون بوتھ تک لے جا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَأْخُذَنِي إِلَى أَقْرَبِ كُشْكٍ لِلْهَاتِفِ؟

Can you, please, call a winch to tow my car.
کیا آپ کرین کو بلا سکتے ہیں تا کہ وہ میری گاڑی کو کھینچ کر لے جائے۔

هَلْ يُمْكِنُكَ اِسْتِدْعَاءُ الْوِنْشِ (الرَّافِعَةِ) لِتَسْحَبَ سَيَّارَتِي.

I am ten kilometers away from the city.
میں شہر سے دس کلومیٹر کی دوری پر ہوں۔

إِنَّنِي عَلَى بُعْدِ عَشَرَةِ كِيلُو مِتْرَاتٍ مِنَ الْمَدِينَةِ.

How long will it take for your return?
آپ کو واپسی میں کتنا وقت لگے گا؟

كَمْ مِنَ الْوَقْتِ يَسْتَغْرِقُ رُجُوعُكَ.

It seems that there is some problem in
The engine.
لگتا ہے انجن میں کوئی خرابی ہے۔

يَبْدُو أَنَّ هُنَاكَ عُطْلاً فِي الْمُحَرِّكِ.

The clutch is slipping.
کلچ پھسل رہا ہے۔

اَلْقَابِضُ يَزْلَقُ.

There is a sound coming from the engine.
انجن میں سے آواز آ رہی ہے۔

هُنَاكَ صَوْتٌ يَخْرُجُ مِنَ الْمُحَرِّكِ؟

| | |
|---|---|
| The brakes are not working<br>بریک کام نہیں کر رہے ہیں۔ | اَلْكَوَابِحُ لَاتَعْمَلُ |
| The fan belt is broken.<br>پنکھے کی بیلٹ ٹوٹی ہوئی ہے۔ | حِزَامُ الْمِرْوَحةِ مَقْطُوْعٌ |
| The electrical system is not working<br>الیکٹرک سسٹم کام نہیں کر رہا ہے۔ | اَلْمَنْظُوْمَةُ الْكَهْرِبَائِيَّةُ لَا تَعْمَلُ |
| The engine is heating up.<br>انجن بہت گرم ہوتا ہے۔ | اَلْمُحَرِّكُ يَحْمَى كَثِيْرًا |
| The car does not start.<br>گاڑی اسٹارٹ نہیں ہوتی۔ | اَلسَّيَّارَةُ لَا تَنْطَلِقُ. |
| What is the matter?<br>کیا بات ہے؟ | مَا الْأَمْرُ؟ |
| Is there anything broken?<br>کیا کوئی چیز ٹوٹی ہوئی ہے؟ | هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ مَكْسُوْرٌ؟ |
| Is there any thing burnt?<br>کیا کچھ جل گیا ہے؟ | هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ قَدِ احْتَرَقَ؟ |
| Is there anything loose?<br>کیا کچھ الگ ہو گیا ہے؟ | هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ قَدِ انْفَصَلَ؟ |
| Is there a leakage?<br>کیا کچھ رس رہا ہے؟ | هَلْ هُنَاكَ تَسَرُّبٌ؟ |

هَلْ هُنَاكَ دَارَةٌ قَصِيرَةٌ؟

Is there any short circuit?

کیا شارٹ سرکٹ ہوگیا ہے؟

هَلْ تَحْتَاجُ إِلَى قِطْعَةِ غِيَارٍ؟

Do you need any spare part?

کیا آپ کو کسی فالتو پرزے کی ضرورت ہے؟

كَمْ يَلْزَمُ مِنَ الْوَقْتِ لِإِجْرَاءِ التَّصْلِيحِ؟

How long will it take for repairs?

ٹھیک کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

كَمْ سَيُكَلِّفُ ذٰلِكَ؟

How much will it cost?

اس پر کتنا خرچ آئے گا؟

## اَلْاَلْفَاظُ الْمُتَعَلِّقَةُ بِالسَّيَّارَةِ
## Words related to the car
## کار سے متعلق الفاظ

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمُكَرْبِنُ | کاربوریٹر | Carburetor |
| اَلْقَابِضُ جِهَازُالتَّعْشِيقِ | کلچ | Clutch |
| قَضِيبُ الْعُمْقِ | ڈپ اسٹک | Dipstick |
| اَلْحَاشِدَةُ (الْبَطَّارِيَّةُ) | بیٹری | Battery |
| اَلْمُوَلِّدُ | ڈائنمو | Dynamo |

| | | |
|---|---|---|
| Electrical system | الیکٹرک سسٹم | اَلْمَنْظُوْمَةُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ |
| Engine | انجن | اَلْمُحَرِّكُ |
| Exhaust pipe | بھاپ نکاس پائپ | أُنْبُوْبُ الْعَادِمِ |
| Filter | فلٹر | اَلْمِصْفَاةُ |
| Fan | پنکھا | اَلْمِرْوَحَةُ |
| Fan belt | فین بیلٹ | حِزَامُ الْمِرْوَحَةِ |
| Fuel tank | ایندھن کی ٹنکی | خَزَّانُ الْوَقُوْدِ |
| Gear | گیر | مُسَنَّنَاتُ الْحَرَكَةِ |
| Hand brake | ہینڈ بریک | اَلْكَابِحُ الْيَدَوِيُّ |
| Horn / Hooter | ہارن | اَلْبُوْقُ (اَلْبُوْرِى) |
| Radiator | ریڈیاٹر | جِهَازُ التَّبْرِيْدِ |
| Seat | سیٹ | اَلْمَقْعَدُ |
| Silencer | سائی لنسر | كَاتِمَةُ الصَّوْتِ |
| Spark plug | اسپارکنگ پلگ | شَمْعَةُ الْإِشْعَالِ |
| Speedometer | رفتار پیما | عَدَّادُ السُّرْعَةِ |
| Wheels | پہیے | اَلْعَجَلَاتُ |

| | | |
|---|---|---|
| اَلْمِرْآةُ الْخَلْفِيَّةُ | عقب نما آئینہ | Rear-view mirror |
| صُنْدُوقُ السَّيَّارَةِ | کار کی ڈگی | Dickey, boor |
| اَلنُّورُ الْخَلْفِيُّ | عقبی بتی | Back light |
| نُورُ الإِشَارَةِ | سگنل لائٹ | Indicator |
| اَلْمِصَدُّ | کار کا بمپر | Bumper |
| إِطَارٌ | ٹائر | Tyre/Tire |
| هَوَائِيٌّ | ایریل | Aerial |
| اَلْحَاجِبُ الزُّجَاجِي | ونڈ اسکرین | Windscreen |
| لَوْحَةُ أَجْهِزَةِ الْقِيَاسِ | ڈیش بورڈ | Dashboard |
| عَجَلَةُ الْقِيَادَةِ | اسٹیرنگ | Steering / wheel |
| اَلْمَصَابِيحُ الأَمَامِيَّةُ | کار کی سامنے والی بتیاں | Headlights |
| ذِرَاعُ التُّرُوسِ | گیر لیور | Gear liver |
| حِزامُ الأَمَانِ | سیفٹی بیلٹ | Safety belt |
| دَوَّاسَةُ الْبِنْزِين | ایکسیلیٹر (رفتار بڑھانے والا پرزہ) | Accelerator |
| غِطَاءُ الْمُحَرِّكِ | کار کا بونٹ | Bonnet |
| لَوْحَةُ رَقْمِ السَّيَّارةِ | نمبر پلیٹ | Number plate |

# The travel سفر اَلسَّفَرُ

I should go now.
اب مجھے چلنا چاہیے۔
يَجِبُ أَنْ اَذْهَبَ الآنَ

Why, do you have an appiontment?
کیوں، کیا آپ کا کوئی اپائنٹ منٹ ہے؟
لِمَاذَا، هَلْ عِنْدَكَ مَوْعِدٌ؟

A want to go to the Egyptian Embassy.
میں مصری سفارت خانے جانا چاہتا ہوں۔
أُرِيدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى السِّفَارَةِ الْمِصْرِيَّةِ.

Why?
کیوں؟
لِمَاذَا؟

So that I Can obtain an entry visa for Egypt.
تاکہ میں مصر کا ویزہ حاصل کرسکوں۔
لِأَحْصُلَ عَلَى تَأْشِيْرَةِ دُخُوْلِ لِمِصْرَ.

When will you go to Egypt?
آپ مصر کب جائیں گے؟
مَتَى سَتُسَافِرُ إِلىٰ مِصْرَ؟

I' ll go to Egypt the next week.
میں آئندہ ہفتے مصر جاؤں گا۔
سَأُسَافِرُ إِلىٰ مِصْرَ فِى الْأُسْبُوْعِ الْقَادِمِ.

هَلْ سَتَذْهَبُ بِمُفْرَدِكَ؟

Will you go alone?
کیا آپ تنہا جائیں گے؟

لَا: سَيَذْهَبُ مَعِي أَخِي

No, my brother will go with me.
نہیں میرے ساتھ میرے بھائی جائیں گے۔

هَلْ أَخُوكَ سَيَذْهَبُ مَعَكَ؟

Will your brother go with you?
کیا آپ کے بھائی آپ کے ساتھ جائیں گے۔

نَعَمْ: هُوَ ذُو خِبْرَةٍ وَزَارَ مِصْرَ مِنْ قَبْلُ وَرَأَى آثَارَهَا الْقَدِيمَةَ.

Yes, he is an experienced person, who has visited Egypt earlier also, and has seen its ancient monuments.
جی ہاں: وہ ایک تجربہ کار آدمی ہیں اور اس سے پہلے مصر جا چکے ہیں اور وہاں کے آثار قدیمہ دیکھ چکے ہیں۔

هَلْ سَتَحْصُلُ عَلَى تَأْشِيرَةٍ لِأَخِيكَ؟

Will you get the visa for your brother?
کیا آپ کو آپ کے بھائی کا ویزا مل جائے گا۔

نَعَمْ: مَعِي جَوَازُ سَفَرِهِ.

Yes, I have his passport.
جی ہاں: میرے پاس ان کا پاسپورٹ ہے۔

هَلْ سَتُسَافِرَانِ بِالطَّائِرَةِ؟

Will you travel by plane?
کیا آپ ہوائی جہاز سے جائیں گے؟

نَعَمْ سَنُسَافِرُ بِالطَّائِرَةِ.

Yes, we will travel by plane.

جی ہاں، ہم ہوائی جہاز سے سفر کریں گے۔

هَلْ حَجَزْتُمْ تَذَاكِرَ السَّفَرِ؟

Have you booked your tickets?

کیا آپ لوگوں نے ٹکٹ بک کرا لیے؟

نَعَمْ حَجَزْنَا التَّذَاكِرَ ذَهَابًا وَإِيَابًا.

Yes, we have booked our return tickets.

جی ہاں: ہم نے رٹرن ٹکٹ بک کرا لیے ہیں؟

رُبَّمَا تُتَاحُ لِيْ أَيْضًا الفُرْصَةُ وَأَذْهَبُ مَعَكُمْ فِي الْمَرَّةِ الْقَادِمَةِ.

Perhaps I also get an opportunity to accompany you the next time.

شاید اگلی بار مجھے بھی آپ کے ساتھ جانے کا موقع مل جائے۔

## فِي السِّفَارَةِ
## At the embassy
## سفارت خانہ میں

مَاذَا تُرِيدُ؟

What do you want?

آپ کیا چاہتے ہیں؟

أُرِيدُ التَّاشِيرَةَ.

I want the visa

میں ویزا چاہتا ہوں

أَيْنَ جَوَازُ سَفَرِكَ؟

Where is your passport?

آپ کا پاسپورٹ کہاں ہے؟

هَذَا جَوَازُ سَفَرِيْ.

Here is my passport.

یہ میرا پاسپورٹ ہے۔

إِلَى أَيْنَ تُرِيْدُ أَنْ تُسَافِرَ؟

Where do you want to travel?

آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أُسَافِرَ إِلَى الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ.

I want to travel to Saudi Arabia.

میں سعودی عرب جانا چاہتا ہوں۔

كَمْ مُدَّةً سَتَبْقَى هُنَاكَ؟

How long will you stay there?

آپ وہاں کتنا عرصہ قیام کریں گے؟

سَأَبْقَى هُنَاكَ لِمُدَّةِ أُسْبُوْعَيْنِ.

I' ll stay there for two weeks.

میں وہاں دو ہفتہ قیام کروں گا۔

لِمَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تُسَافِرَ إِلَى الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ؟

Why do you want to travel to Saudi Arabia?

آپ سعودی عرب کیوں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيدُ أَنْ أَقُوْمَ بِأَدَاءِ الْعُمْرَةِ

I want to perform Umrah.

میں عمرہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

هَلْ مَعَكَ أَحَدٌ؟

Is there anyone with you?

کیا آپ کے ساتھ کوئی ہے؟

نَعَمْ عَائِلَتِي مَعِي

Yes, my family is with me.

ہاں: میرے ساتھ میری فیملی ہے۔

مَا هُوَ عَدَدُكُمْ؟

How many persons are you?

آپ کتنے افراد ہیں؟

أَنَا وَزَوْجَتِي وَ ثَلاَثَةُ أَطْفَالٍ.

I, my wife and three children.

میں، میری بیوی اور تین بچے۔

أَيْنَ التَّذَاكِرُ؟

Where are the tickets?

ٹکٹ کہاں ہیں؟

مَا جِئْتُ بِالتَّذَاكِرِ.

I didn' t bring the tickets.

میں ٹکٹ نہیں لایا۔

عَلَيْكَ أَنْ تُحْضِرَ تَذَاكِرَ مُرَجَّعَةً لِجَمِيْعِ الْأَفْرَادِ.

You must bring the return tickets of all the people.

آپ سب لوگوں کے ریٹرن ٹکٹ لے کر آیئے۔

خُذْ هَذَاهِ الِاسْتِمَارَةَ وَامْلأْهَا.

Take this form and fill it up.

یہ فارم لیجیے اور اس کو پر کیجیے۔

حَسَنًا.

All right.

ٹھیک ہے۔

مَتَى يُمْكِنُ لِي أَنْ أَحْصُلَ عَلَى التَّاشِيْرَةِ؟

When can I get the visa?

مجھے ویزا کب مل سکے گا؟

بَعْدَ يَوْمَيْنِ.

After two days.

دو دن کے بعد

هَلْ يُمْكِنُ لِيْ أَنْ أَحْصُلَ الْيَوْمَ عَلَى التَّاشِيْرَةِ؟

Can I get the visa today?

کیا مجھے آج ویزا مل سکتا ہے؟

لَا: لَا يُمْكِنُ الْيَوْمَ.

No, it's not possible today.

نہیں: آج ممکن نہیں ہے۔

هَلْ أَدْفَعُ الرُّسُوْمَ؟

Should I pay the fees?

کیا میں فیس ادا کروں؟

لَا: لَيْسَتْ هُنَاكَ رُسُوْمٌ لِتَأْشِيْرَةِ الْعُمْرَةِ.

No, there is no fee for Umrah visa?

نہیں: عمرہ ویزا کے لیے فیس نہیں ہے۔

## اَلسَّفَرُ بِالطَّائِرَةِ
## Travel by Air
## ہوائی جہاز کا سفر

أَنْوِى السَّفَرَ بِالطَّائِرَةِ.

I intend to travel by air

میرا ہوائی جہاز سے سفر کرنے کا ارادہ ہے۔

اَلسَّفَرُ بِالطَّائِرَةِ مُرِيْحٌ وَ سَرِيْعٌ.

Travelling by air is comfortable and fast.

ہوائی جہاز کا سفر آرام دہ اور تیز ہے۔

كَيْفَ يُمْكِنُ لِي الذَّهَابُ إِلَى الْمَطَارِ؟

How can I go to the airport?

میں ہوائی اڈہ کس طرح جا سکتا ہوں؟

| | |
|---|---|
| عَلَيْكَ أَنْ تَذْهَبَ فِي التَّاكْسِي. | You should go by taxi.<br>ٹیکسی سے جائیے۔ |
| أَيْنَ أَحْجُزُ تَذْكِرَةَ السَّفَرِ؟ | Where should I book my ticket?<br>ٹکٹ کہاں بک کراؤں؟ |
| فِي مَكْتَبِ الْخُطُوطِ الجَوِيَّةِ أَوْ فِي وِكَالَةِ السَّفَرِيَّاتِ. | At the airlines office or at any travel agency.<br>ایرلائنز کے دفتر میں یا کسی ٹریول ایجنسی میں |
| أَيْنَ يُوجَدُ مَكْتَبُ الْخُطُوطِ الْهِنْدِيَّةِ؟ | Where is the Air India's office?<br>ایرانڈیا کا دفتر کہاں ہے؟ |
| هَلْ تُوجَدُ رِحْلَةٌ إِلَى الْقَاهِرَةِ؟ | Is there any flight to Cairo?<br>کیا قاہرہ کے لیے کوئی پرواز ہے؟ |
| مَا مَوْعِدُ الطَّائِرَةِ الْمُغَادِرَةِ إِلَى الْقَاهِرَةِ؟ | What's the departure time of the flight to Cairo?<br>قاہرہ جانے والے جہاز کا وقت کیا ہے؟ |
| مَا هُوَ ثَمَنُ التَّذْكِرَةِ لِلذَّهَابِ فَقَطْ؟ | What is the one way fare for Cairo?<br>ایک طرف کے ٹکٹ کی کیا قیمت ہے؟ |
| وَ مَا هُوَ ثَمَنُ تَذْكِرَةِ الذَّهَابِ وَالإِيَابِ؟ | What is the price of a return ticket?<br>اور آمد و رفت کا ٹکٹ کتنے کا ہے؟ |

| | |
|---|---|
| The price of a return ticket is twenty thousand rupees.<br>آمدورفت کا ٹکٹ بیس ہزار روپے کا ہے۔ | ثَمَنُ تَذْكِرَةِ الذَّهَابِ وَالإِيَابِ عِشْرُوْن أَلْفَ رُوْبِيَّةٍ. |
| Do you give any discount on the price of the ticket?<br>کیا آپ ٹکٹ کی قیمت میں کوئی چھوٹ دیتے ہیں؟ | هَلْ تُعْطُوْنَ أَيَّ تَخْفِيْضٍ فِي ثَمَنِ التَّذْكِرَةِ؟ |
| You should buy the ticket from a travel agency.<br>آپ کسی ٹریول ایجنسی سے ٹکٹ خریدیے۔ | عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيَ التَّذْكِرَةَ مِنْ أَيِّ وِكَالَةِ السَّفَرِيَّاتِ. |
| The travel agency will give you a discount of 10%<br>ٹریول ایجنسی آپ کو ۱۰ فیصد چھوٹ دے گی۔ | سَتُعْطِيْكَ وِكَالَةُ السَّفَرِيَّاتِ التَّخْفِيْضَ بِنِسْبَةِ ۱۰% |
| Kindly book two seats for me on the second of April.<br>براہ کرم اپریل کی دو تاریخ کو میرے لیے دو سیٹیں مخصوص کر لیجیے۔ | مِنْ فَضْلِكَ اِحْجِزْ لِي مَقْعَدَيْنِ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي مِنْ أَبْرِيْل. |
| Are you travelling by first class?<br>کیا آپ فرسٹ کلاس سے سفر کریں گے؟ | هَلْ أَنْتَ مُسَافِرٌ بِالدَّرَجَةِ الْأُوْلَى. |
| No,I' ll be travelling by economy class<br>نہیں: میں اکانومی کلاس میں سفر کروں گا...... | لَا: أَنَا مُسَافِرٌ بِالدَّرَجَةِ الْاِقْتِصَادِيَّةِ. |

أُرِيْدُ دَلِيْلاً لِمَوَاعِيْدِ الرِّحْلَاتِ.

I want a timetable of the flights.

مجھے فلائیٹس کا ٹائم ٹیبل چاہیے۔

كَمْ وَزْناً الْأَمْتِعَةِ مَسْمُوْحٌ بِهِ لِمُسَافِرٍ؟

How much free baggage is allowed for a passenger?

ایک مسافر کو کتنا سامان لے جانے کی اجازت ہے؟

عِشْرُوْنَ كِيْلُوْ غِرَامٍ.

Twenty Kilogram.

بیس کلو گرام

مَتَى يَجِبُ التَّوَاجُدُ فِي الْمَطَارِ؟

When should I reach the airport?

مجھے ہوائی اڈہ کب پہنچنا ہے؟

مَارَقْمُ الرِّحْلَةِ؟

